نعم المولی و نعم النصیر
منصب الامم
مرتضوی زیور طبع پوشید

درج مروت ماہ روی وَالشَّمْسِ وَالضُّحٰی اسد موی وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰی

مقتدای حرمین پیشوای اَهْلِ مَشْرِقَيْنِ والمغربَيْنِ جدّ الحسن

وَالحُسَيْنِ رَسُوْلُ الثَّقَلَيْنِ ممدوح خالق وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا

رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ خاتمُ النَّبِيِّيْنَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ شَفِيْعُ الْمُذْنِبِيْنَ حبیب

خدا احمد مجتبیٰ و محمد مصطفیٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ

[illegible] سی خلق کیا نظم کیا لکھوں نعت اوس شہ لولاک کی ؛

[illegible] ہی یہ عزت خاک کی ؛ اوسکی ہستی کا نہوتا گر سبب ؛ تو

یہ مخلوقات کچھ ہوتی نہ سب ؛ ذات عالی کا اوسیکی ہی ظہور ؛ یہ جو ظاہر

سب جگہ ہی حق کا نور ؛ فیض است پر یہان تک عام ہی ؛ ہم بادلی

کا بیان احکام ہی ؛ ہو سکین اوسکی بیان اوصاف کب ؛ ذات اوسکی

وہ ہی [illegible] رب ؛ یہان زبان قاصر ہی جو کیجی بیان ؛ خاک

کی [illegible] کو یہ طاقت کہان ؛ جستقدر ہین اوسکی اصحاب اور آل ؛ ان

[illegible] ؛ اب طرح بر [illegible] مخلوقات و شیرازہ صحیفہ

[illegible] قبلہ نمای محراب امامت تخت نشین ایوان شریعت سفینہ دریای

[illegible] قوت بازوی نبوت آبدار حوض کوثر وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا

طَهُوْرًا و [illegible] قافلہ سالار العلم علی بابہا کشندہ عمرو و عنتر شکنندہ قلعہ خیبر اسد اللہ

الغالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کو وصی کر کی بہیجا

لطف خدا [illegible] الزہرا برگزیدہ

[illegible] گوشوارہ عرش اعلی نور

حدیقہ نبوت و سبزہ پوش گلشن شہادت

امام الکونین نور العین ابی محمد الحسن

و ابی عبد اللہ الحسین رضی اللہ عنہما بیت

حسین و حسن ہین امام زمان ؛ کہ جنکی ہی

قایم زمین آسمان ؛ اب یہ ہیچمدان عرض

کرتا ہی ؛ بخدمت [illegible]

بیت اگر سوسن صفت سیری زبان ہووی نہین ممکن کہ شکر اوسکا بیان ہوسکے اب
بیچ خدمت صاحبان دانش و بینش اس فن کی پوشیدہ نہ رہی کہ ان اوراقونکو سوا
کتاب حکمائونکی و واکداران تجربہ کارونکی لکہا ہی مصرعہ گر قبول افتد زہی عز و
شرف اور اگر کچہہ غلطی ہوئی ہو تو اوسکو اصلاح فرماوین اور حرف غوست کا
زبان پر نہ لاوین مثل مشہور ہی کہ از خوردان خطا و از بزرگان عطا
امیدوار اس بات کا ہون اور اس مضمون پر یہ کلام گواہی دیتا ہی حدیث
کہ الانسان مرکب من الخطاء والنسیان شعر ہو چکا دیباچہ سبب
تمام اب لکہون کچہہ نسخیات ای خاص و عام ای دوستو اس رسالہ
مین باب چار ہین اور اک خاتمہ ہی بیت کرکی اپنی ولیکن وزرہ غور زیست
اب بیان یہان سی کرون کچہہ اور مین باب اول بیان علاج پہوڑہ
مین اور روانہ زہرباد مین باب دوسرا بیان علاج زخم مین
باب تیسرا علاج سوزاک اور آتشک مین باب چوتہا علاج
متفرقات مین اور اس باب مین چار فصلین ہین فصل پہلی علاج جع
مفاصل مین فصل دوسری ادویہ مقوی باہ مین فصل
تیسری علاج جریان مین فصل چوتہی علاج
او بیان نسخہ متفرقات مین خاتمہ بیان پارہ احوال مین باب پہلا
علاج پہوڑہ اور روانہ زہرباد مین جاننا چاہئی

ہوتی ہی اور وہ سیاہی شکل باد
تعفن رکہتی ہی یہان تک کہ تمام بدن سیاہ
ہوجاتا ہی اور وہ مریض چار پہر تا آٹھہ پہر
کی بعد قریب ہلاکت ہوجاتا ہی لیکن بعضی بعضی
اگر کوئی مرہم یا اوستاد
تو البتہ اچہا ہوجاتا ہی اگر سیاہی
گردن کی نیچی نہ اوتری ہو تو
علاج کری

لگائی یا پلاستر رکھی جب آبلہ پڑجائی تو دوسری دن صبح کو کاٹ ڈالی اور مرہم
اسطرحکا لگائی کہ زخم اچھا نہو اور نہ خوب آلائش نکلی اور وہ مرہم یہ ہی ؛
نسخہ مرہم توتیا یا رونی ایک تولہ زنگار سبز ایک تولہ سہاگہ چوکیا خام
ایک تولہ بہروزہ تر چار تولہ پھٹکری ایک تولہ آہنہ ہلدی ایک تولہ ہرتال طبقی
چھہ ماشہ ان سب دواونکو مہین پیس کی بہروزہ مین ملاکر گا یکا گہی دو تولہ کو
تہوڑا تہوڑا ملاتا جاوی اور گہوٹتا جاوی اور شراب برانڈی یا سرکہ تیز سی خوب
اس مرہم کو نرم کرکر زخم پر لگائی جب وہ زخم سرخی پر آئی تو یہ مرہم لگائیے
نسخہ مرہم روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر پہلی گرم کری استخوان سر آدم دو
تولہ برگ نیم دو تولہ لیکر اوسمین ڈالی اور خوب جلائی جب دونو چیزین جل جاوین
تو دور کری بعدہ سیسہ دو تولہ ملاوی اور مردار سنگ چھہ ماشہ سفیدہ کاشغری
چھہ ماشہ سفیدہ رنگ چھہ ماشہ پیس اور چہانکر جدا جدا اوس تیل مین ڈالی
اور آنچ کم کری تاکہ جوش نہو وی جبکہ تار بندہنی لگی تو افیون چھہ ماشہ
ملادی جب جم جائی تو سرد رکھی اور اوپر اوس زخم کے لگائی اور لازم ہی
کہ دیکھی ورم تو کسی طرف نہین ہی اگر ورم ہو وی تو ضماد یہ لگائی **نسخہ ضماد**
سورنجان تلخ چھہ ماشہ اکلیل الملک ایک تولہ مغز فلوس خیار شنبر دو تولہ گل بابونہ
ایک تولہ افیون دو ماشہ عرق مکوی سبز مین سب دواونکو پیس کر نیم گرم لگائی
پہر دو چار روز کی بعد دیکھی کہ وہ زخم پیپ دیتا ہی یا پانی اگر پانی نکلی تو اس

چار ماشہ آملہ چار ماشہ جبکہ یہ سب عرق جل جائین تو موم زرد دو تولہ موم
سفید یک تولہ ڈالدی سفیدا ایک تولہ مرداسنگ چار ماشہ دم الاخوین
چار ماشہ توتیا چار رتی ان سبکو مہین پیسکر ملائی جب قوام پر آئی تو
اوتارلی اور زخم پر لگائی اگر حق تعالی نی چاہا تو اچھا ہو جائیگا **نوع دیگر**
ایک پھوڑا ہاتھ پر ہوتا ہی یا کپٹی مین یا پشت سر یعنی گدی پر اور سر کی
پھوڑی بہت ایسی ہوتی ہین کہ اوسمین تشویش زیادہ نہین ہوتی یا تو
پھوٹ کی اچھا ہوگا یا نشتر سی اور جو مرہم یہ بیان کئی ہین وہ لگائی **نوع دیگر**
ایک عارضہ سر مین اور ہوتا ہی کہ دانی بہت سی ہوتی ہین اور اونمین سی پانی
نکلتا ہی اور وہ پانی جس جگہ لگ جاتا ہی سب دانونکی صورت ایک سی
ہو جاتی ہی اور وہ پانی ایسا ہوتا ہی جیسی گوند کا پانی علاج اوسکا یہ ہی
نسخہ مرہم گھی گائکا آدہ پاؤ دہویا ہوا کمیلا چار ماشہ مہیج سیاہ دو ماشہ
شنگرف دو ماشہ سبکو پیس کر چھانکر ملا کر ایک دن شبنم مین رکھی
دوسری دن لگائی اور پہلی گرم پانی اور نمک سی سر اوس مقام کو
دہولی ایک ہفتہ بہر اسکو رکھی اگر اسمین فرصت ہو جائی تو بہتر ہی اور نہین
تو پارہ چھ ماشہ اجواین خراسانی چھ ماشہ پان بنگلہ مع مصالحہ چار عدد
اور وہ دوائین جو اوپر بیان کی ہین اوسمین ملا دی اور بدستور نمک
پانی سی دہولی اور یہ مرہم لگائی اور یہ دوا پلائی **نسخہ** گلسرخ چار ماشہ

ہی لازم ہی کہ اوسپر وہ لیپ لگائی جو مسلل ہو کہ جتنا مواد قابل نکالنی کا ہو
نکلجائی اور بعد ازان تحلیل کروی اوسکی دوایان یہ ہین نسخہ بال چہڑ ایک
تولہ ناگرموتہہ ایک تولہ ریوند خطائی چہہ ماشہ ناخونا چہہ ماشہ لودہ پٹھانی
چہہ ماشہ مغز فلوس دو تولہ اشق رومی چہہ ماشہ ان سبکو پیس کر عرق
مکوی سبز مین نیم گرم کرکی لگائی اور فصد سر روکی لی اور اوس پہوڑی
کی صورت جب تبدیل ہوجائی تو وہ لیپ لگائی کہ اوپر بیان کیا ہی اور زخم پر
یہ لگائی نسخہ کہودہ نان پاوکا پانچ تولہ لیکر بکریکی دودہ مین بہگوری بعد
اوسکی پچوڑ کی کہرل کری اور اوسمین یہ دوایان ملالی دوا دم الاخوین
چہہ ماشہ زعفران چہہ ماشہ انزروت چہہ ماشہ افیون چہہ ماشہ شہد چار تولہ
زردی بیضہ مرغ تین عدد ان سبکو کہرل کرکی جہان تک صورت
پہوڑیکی خانہ زنبور کیسی ہو وہان تک ایک پہایا بناکر لگاوی جب اوسمین
چہیچہڑی دیکہی تو کاٹ ... ڈالی جسوقت سرخ ہوجائی اور پوندری
تو یہ مرہم لگائی نسخہ مرہم پہلی روغن گل آدہ پاؤ لیکر گرم کری اوسمین
جوت دو تولہ ڈالدی جب رنگ اوسکا مثل جون کبوتر ہوجائی تو اوسکو
چہانلی اوسمین موم دو تولہ توتیا سبز ایک رتی ملادی اور روغن تین
تولہ پہر ملاکر رکہی اور لگائی اگر خدا نی چاہا تو اچہا ہوجائیگا اور پرہیز
ہی مونگ کی دال دہوئی اور روٹی اور پانی پکایا ہوا سیر بہر کا آدہ سیر

حل کری اور سرہ وکرکی لگائی اور اس مرہم سی اچھا نہو تو وہ لگائی کہ جسمین
زین جوت ہی جبکہ گوشت برابر ہو جائی تو سیاہ مرہم لگائی تب اور سیاہ مرہم یہ
ہی نسخہ روغن تلخ آدہ پاو سیندور چار تولہ ان دونو کو کڑاہی مین پکائی اور
نیم کی سونٹی سی گہوٹتا جائی جب تار بندہنی لگی اوتار لی اور لگائی اور پہوڑیکو
چیری تو کشادہ ہو کس لی کہ اگر کم ہوگا تو چور رہ جائیگا **نوع دیگر** ایک پہوڑا
آنکہہ کی کونین ہوتا ہی وہ خود بخود پہوٹتا ہی اوسکا علاج یہ ہی پہلی تو وہ
مرہم لگائی کہ جسمین توتیا اور زنگار ہی اوپر بیان کیا ہی جب منہ او نکل آئی
تو یہ مرہم لگائی **نسخہ** استخوان زانوی شتر راست دو تولہ کہ آگ مین جلائی
نکال ڈالی اور سوم سفید نو ماشہ سیندور گجراتی چار ماشہ بلا گرجوب تل کری
ہاون وستہ سی اور لگائی اور ناک مین یہ دوا سونگہائی **نسخہ** نک چہکنی
تولہ بہر تماکو خشک چہہ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشہ سبکو پیس کر سونگہائی
کیونکہ مادہ اوپر رجوع ہو جائی تو جلد اچہا ہوگا [illegible] مقام ناسور کا
ہی اور اگر اچہا نہو تو استخوان زانوی شتر راست باسی پانی مین گہس کر
اوسکی بتی رکہی اور اوسیکا پہاہا بناکر لگائی کس لی کہ یہ علاج ناسور کا ہی
اور یہ بہی ناسور ہی اور غیر علاج ہی اچہا کم ہوتا ہی **نوع دیگر** [illegible]
نا کین ہوتا ہی اوسکو ناگرا کہتی ہین اوسکا علاج یہ ہی **نسخہ** نمک لاہوری
سوہاگہ چوکیا خام پہٹکری خام زنگار سوختہ برابر وزن کرکی ناس کی طرح

ادویہ ارنی اوپلی کی راکہہ انڈیکا پوست جلا ہوا زنگار جلا ہوا اگراس
سی بند نہو تو یہ ناس دی **ناس** زہر مہرہ خطائی نبسلوچن کتہہ سفید
بڑی ایلاچی کشنیز احت برابر وزن کرکی پیس کر ناس کیطرح سونکہا لی
اور دماغ پر یہ لگائی **دوا** پہلی ببول تولہ بہر برگ ببول تولہ بہر خار
منبر تولہ بہر آملہ خشک تولہ بہر صندل سفید تولہ بہر اگر اس سی بہی بند نہو تو یہ
لگائی **ادویہ** تخم ریحان تولہ بہر صندل سفید تولہ بہر کافور چار ماشہ
ہری دہنیا کی عرق مین لت کرکی لگائی خدا چاہی تو اچہا ہو جائی
یہ علاج اور دوا بل لکہہ رکہنی کی ہی کیونکہ یہ بڑی سرکہ کا علاج ہی
اگر کوئی حکیم ہووین تو یہ علاج نہی **نوعدیکر** اور دوسرا عارضہ بہی
ناکین ہوتا ہی اوسکو پینس کہتی ہین اور وہ آتشک سی تعلق رکہتا ہی
اگر صاحب عارضہ تنگ ہیں یقین نہ کرنا چاہئی کس لی کہ باپ اور دادا اوسی
بہی ہوتی ہی اکہ ناک ... طوں نی اور اکثر حکیمون نی کتابون مین
لکہا ہی اور اکثرونکا قول یہ ہی کہ نزلہ ہار سی بہی ہوتا ہی اور اینی
آنکہہ سی یہ ہی دیکہا ہی تو پایا اور صورت اوسکی یہ ہی پہلی تو خوشبو اور
بدبو کچہہ معلوم نہین ہوتی ہی بعد اوسکی درد سر مین اور پیشانی مین بہی
ہوتا ہی اور آواز مین بہی فرق ہو جاتا ہی اوسکی واسطی تنقیہ مفید
ہی مسہل اور فصد اور قی وحمل لازم ہی اور یہ ناس سونکہانی تسخہ

نوعدیگر ایک دانہ پہوڑہ پر ہوتا ہی لازم ہی کہ اوسپر مرہم مصفی کو
لگائی کہ جلدی مواد نکال لاتا ہی اور گردن مین کیلی کی پتی پر روغن
گل چرب کی باندہی کہ یہ رعایت ورم کی ہی اور اسکا علاج جلد کرنا چاہیے
کیونکہ یہ پہوڑا پیٹ مین اوتر جاتا ہی اور اسکی باہر پہوٹ نیکا بہم پہونچی
نسخہ بہروزہ دو تولہ ریوند چینی چہہ ماشہ انزروت چار ماشہ پیس کر
ملائی اور پانی سی اس مرہم کو دہوئی اور لگائی جبکہ پہوٹ جائی
اور مواد نکل جائی تو یہ لگائی ادویہ رسوت ایک ماشہ چوب تکرین
ماشہ گائی کی گہی مین ملا دہی اور کر پانی مین حل کری تو تہیا
چاہی تو اچہا ہو جائیگا نوعدیگر ایک پہوڑا ڈاڑہ مین ہوتی ہی
اوسکا علاج یہ ہی ادویہ برگ نیم برگ بکاین برگ سنبہالو برگ
زمان تینو نکو برابر وزن لیکر جوش کری اور بہپارا دی اور اسی کو
باندہی اور اوسی پانی کی کلی کری اگر نہ پہوٹی تو بہتر ہی اور جو باہر
باہر پہوٹی تو جو انت اوکہاڑ ہی اچہا ہوگا اور جو یہ پہوڑا باہر
ہوا اور باہر ہی پہوٹی تو اوسکو چیڑوالی اور چار پارہ کری اور نیم
اور نمک باندہی اور مرہم اونمین سی لگائی جو اوپر بیان کی ہین اور
جو نہ اچہا ہو تو یہ مرہم لگائی ادویہ روغن کنجد سیاہ پانچ تولہ
موم سفید ایک تولہ لوبان ایک تولہ مردار سنگ پانچ ماشہ توتیا

پیس کر باندھی جبکہ وہ یک جای تو مرہم لگائی جو ابھی بیان کی ہین
نوع دیگر اور اگر کان بہتا ہو تو اوسکا علاج یہ ہی دو دوا ہری بکو برگ
نیم ان دونو کو جوش کری پہلی پہہارا دی اور وہی پانی ڈالی اور نکالی
ایک بسکی نیم کی تپی کا عرق اور شہد ملا کی گرم کری اور ڈالی اور ایک
پہوڑا چہوٹا سا اندر کان کی ہوتا ہی اوسکا علاج یہ ہی نسخہ پھٹکری
سفید یا کف دریا یعنی سمندر پہین پیسکر کان مین ڈال دی اوپر سی
کاغذ لگا دی قدری ڈالی اگر وہ پہوڑا پہوٹ جائی تو مدار کی درخت کا
پتا گرم کر کی عرق اوسکا نچوڑ دی جبکہ ہوا اور درد جاتا رہی تو مرہم تپی
[پہیپہ] جلا کی ڈالی خدا نی چاہا تو اچہا ہو جائیگا نوع دیگر اور
دانتون مین درد ہو یا ہلتی ہون یا خون جاری ہو یا بو آتی ہو اوسکا
علاج یہ ہی نسخہ سنگ جراحت سفید ایک تولہ پھٹکری سفید چہہ ماشہ مازو سبز
چہہ ماشہ ان تینون کو کہ ملا کی جوش کری اور پانی سیر بہر ہو جب
آدہا جل جائی تو کلی کری اور ایک دوا یہ ہی نسخہ آج سفید تین ماشہ
مازو سبز تین ماشہ فلفل دراز تین ماشہ پوست انار تین ماشہ ہلیلہ زرد
تین ماشہ سیر بہر پانی مین جوش کری اور کلی کری اور برگ ترنج اوسی
دانتو نکی ملی اور ایک دوا یہ ہی کشنیز سبز سرکہ مین پیس کر ملی اور
ایک دوا یہ ہی نسخہ پوست درخت تاڑ پوست درخت کہجور پوست درخت

جل جاتی تو گہونٹی اور لگائی **نسخہ** بالم کھیرا چینی سمر دو دو تولہ جلائی جب کہ
شل کوئلی کی ہو جاتی تو پیسکر روغن تلخ مین ملائی اور دو پہر دہوپ
مین رکہی پہر اوسکو لگائی خدا چاہی تو اچہا ہو جائیگا اور سرکی پہوڑی مین
جو بیان کی ہین اگر انکا جو حال سب بیان کرتا تو طول ہو جاتا اسواسطی
مختصر بیان کیا مگر پہوڑی سرمین بہت ہوتی ہین اونکا علاج ان مرہمونسی اگر
کری تو اچہا ہی کیونکہ مرہم یہ خوب ہین **نوع دیگر** اور ایک پہوڑا گردن
مین قسم خنازیر کی ہوتا ہی اور اوسکو کنٹہ مالا کہتی ہین اوسکی صورت پہلی
ایسی ہوتی ہی کہ داہنی جانب یا بائین جانب گٹہلیان ہوتی ہین
علاج یون کری کہ پہلی تو تحلیل کرنی کی دوائیان کری اگر تحلیل ہو جاتی
تو خوب بات ہی اور دوائیان یہ ہی **نسخہ** خاکسی پانچ تولہ سورنجان تلخ
ایک تولہ کندر ایک تولہ انکو ہری کاسنی کی عرق مین پیس کر لگائی اور
اوسکی پتی گرم کرکی باندہی جب وہ گٹہلیان نعلوم نہو تو فصد اور قی
کری اگر اس سی فائدہ نہو تو یہ عرق اور پتی موقوف کری اور سوئی کی
ساگ کی عوض تین دن دوا ونکو ملاکی لگائی بر تقدیر اگر تحلیل نہو یا
کم تحلیل ہون تو اسکی بعد یہ لیپ کری **نسخہ** گلسرخ گل ارمنی گلنار فارسی
ملوخسک دم الاخوین تخم منورد ایک ایک تولہ ان سبکو لی اور پیس کر سفیدی
بیضہ مرغ موافق اوسکی لیکی ملائی اور گولیان بناکی سایہ مین خشک

آلایش اوسکی پیٹ کی نکالڈالی اور دوچہچہوندرین ساری آدہ سیر روغن تلخ مین جلائی اور صاف کرکی لگائی **نسخہ** روغن کنجد سیاہ آدہ پاو لیکر منگل یا اتوار کو ایک گرگٹ اوسمین جلائی اور نیم کی سونٹی مین ایک پیسا جماکر خوب گہوٹ کر پانی مین جبکہ آدہ پیسہ گہس جائی تو اوسکو لگائی **نسخہ** آدمی کی سر کی ہڈی باسی پانی مین گہس کر لگائی **نسخہ** یا گوہ سور کا لڑکی پیشاب مین گہس کر لگائی **نسخہ** یا ایک چہچہوندر مارکی نیم اکنڈی مین جلائی جبکہ کچہہ جل نکو باقی ہی تو بوجہالی اور بنگلہ پان مین اتوار یا منگل کو کہلائی پیر کی پچہلی ن دودہ اور چانول کہائی مگر صاحب عارضہ کو معلوم نہو کہ کیا چیز ہی دوا نہ پر صاحب عارضہ کی نہیں کہتی ہین کیونکہ وہ لین شبہہ ہوجاتا ہی **نو عد بکر** ایک پہوڑا بغلمین ہوتا ہی وہ بہی قسم خنازیر سی ہی اوسکی صورت یہ ہی کہ بعضی آدمی کی کئی کہلیان ہوتی ہین ایک اونمین سی پک جاتی ہی اور آلایش نکلکر اچہی ہونی نہین پاتی ہی کہ دوسری اور پیدا ہوتی ہی اسی طور پر چہہ سات پہوٹتی ہین دفعہ دفعہ کرکی اور ایک صورت یہ ہی کہ ایک گہٹلی ہوکر پک جاتی ہی جب پہوٹ گئی تو اچہی بات ہی اور نہین تو نشتر دیا جاتا ہی نلی اسکی اچہی نہین ہولی ہی اگر کوئی صاحب عارضہ الاغ ہو تو پہوڑیکی یہ صورت ہی جو اوپر بیان کیا ہی اگر جسم کسی کا تیار رہو تو یہ صورت ہوتی ہی کہ پہلا ورم سا ہوتا

بکری اور احتیاطاً بچی کی زیادہ ہو تو دودھ نہ پلائی اور مرہم یہ لگائی
نسخہ توفل نیم بریان چھہ ماشہ کتھہ سفید نیم بریان چھہ ماشہ سیندور
گجراتی چھہ ماشہ سفیدا کاشغری چھہ ماشہ پہلی گھی کا ایکا سات تولہ گرم
کرکی [illegible] زرد ایک تولہ ڈالی اور سب دواؤنکو پیس کر ملائی اور آنچ سی
[illegible] کی خوب گھونٹی جبکہ سرد ہو جائی پارہ چھہ ماشہ ملا کر حل کری اور لگائی

نوع دیگر اگر پھوڑا ایی دودھ کی چھاتی مین ہوتا ہی اوسکی صورت یہ ہی
پہلا ایک دانہ [illegible] مسور کی دال برابر اور گوشت کی اندر ایک گٹھلی برابر
[illegible] وہ بڑہتی جاتی ہی اور وہ دانہ اچھا ہو جاتا ہی او وہ گٹھلی
[illegible] ہو تو بعد ایک برس یا دو برس کی آم کی برابر ہو جاتی ہی
اگر [illegible] تو ہاں پیر کی ہو اوسکی سات آٹھہ مہینی کی بعد آم کی برابر ہو جاتی
ہی بلکہ اس تعداد کو پہونچی تو ورم و درد کی ساتھہ بخار ہو جاتا ہی اور دوا پان
پلانی سی بخار جاتا رہتا ہی اور اوس گٹھلی پر دوا پان گھ کی اور ان لوگون
کی لگاتی ہین کہ جو اس فن سی ناواقف ہین اور جراح [illegible] یہ نمایش
ہوتی ہی کہ اسکو تحلیل کرو اور یہ قسم پتھر کی ہوتی ہی [illegible] ہی
اور تحلیل ہونا معلوم کیونکہ کاٹی سی نہین کٹتی اور میری رای ناقص مین
اسطرحسی آتا ہی کہ جو اوسکا علاج کری تو حکیم کو بھی شریک کری کیونکہ
[illegible] کی مزاج سی وہ خوب واقف ہی اوسکی رای اور رای اپنی

۲۴

کہ خون دیتا ہی پانی اور اچہا ہونی کا نشان یہ

دوسری کہ زخم کی گرد سیاہی ہوتی ہی اور بو آتی ہی اوپر سیاہ تہکی ہی اور سپیدی
کی ہوتی ہی پہر اوس زخم کا علاج نکری کہ وہ اچہا نہوگا اور اچہی ہونی کا نشان
یہ ہی کہ زخم چاروطرف سی سرخ ہوتا ہی اور پیپ گاڑہی یا پیلا بزردی یا ہوتی
ہی اگر ایسی صورت زخم کی ہو تو علاج نکری

لگائی کہ جسمین خاکسی ہی اور حال اوسکا اوپر بیان کیا ہی اور ایک لیپ
یہ ہی نسخہ مردار سنگ سنگ سنجان تلخ گل آرمنی سکونشک مساوی وزن
ان سبکو پانی مین پیس کر لگائی جو ان دوایون سی بہی فایدہ نہو تو اسطرح
علاج کری کہ اوس پہوڑی کو دیکہی کہ کس جگہ نرم ہی اوسپر جیت کی تپی
اور نیم کی تپی اور نمک اسکو پانی مین پیس کر باندہی اور گرد اوسکی وہ لیپ
لگائی جو اوپر بیان کئی ہین اگر اس تپی سی پہوٹ جائی تو بہتر ہی نہین تو
پوست درخت ببول کو پانی مین پیس کر لگائی اور جو کسی ایسی چیز سی فایدہ
نہو تو یہ لگائی نسخہ سنبل سرخ صمغ عربی قرنفل صابون
گوگل نہنیسیا سب برابر وزن کر کی پانی مین پیس کر کپڑی پر لگا کر کی
رکہی پہوڑی وقت حاجت کی موافق پہوڑی کی پہایا کاٹ کر لگائی
اور جو پہوٹ جائی تو وہ جیت کی تپی جو بیان کی ہی وہ لگائی جبکہ تپی کا
نام باقی نرہی تو ان مرہمون سی جو اوپر بیان کئی ہین کوئی تیر سا لگائی
اگر پہوڑی کی پہوٹنیکی بعد بد گوشت ہو جائی تو علاج نکری اور کری تو
یہ کہی کہ اسکی چہاتی کتواڈالی تو اچہی ہوگی اور حکیم کو یہ لازم
ہی کہ وہ مزاج کی موافق دوا کری اور جراح کو یہ لازم ہی کہ وہ مرہم
لگائی جسکی زخم پانی لکڑی اگر چہاتی نہ کاٹی جائی اور آگاہ ہو کہ جس سی
چہاتی نہ کاٹی جائی وہ مرہم یہ ہی نسخہ زنگار ایک تولہ شہد دو تولہ

بیان کیا ہی **نوع دیگر** ایک پہوڑا پیٹ پر ہوتا ہی اوسکا علاج اسطرح پر
ہی جو حال چہاتی سی اوپر کی پہوڑی کا بیان کیا ہی اور مرہم وہ لگاوی جیسے
کو کنار سوختہ ہی **نوع دیگر** ایک پہوڑا ناف سی اوپر ہوتا ہی اوسکا علاج
ویسا کرے ہی جیسا اوپر بیان کیا ہی اور مرہم وہ لگاوی جسمین رسوت اور
پھٹکری نہ ہو **نوع دیگر** ایک پہوڑا پٹیرو پر ہوتا ہی اوسکا عرض طول
بہت ہوتا ہی برابر بدبڑی کی اوسکا ہی علاج جلدی کری اس طرح کہ
سیاہی آنا نپاوی اور جبکہ سیاہی ہو جاوی تو علاج نکری کیونکہ
لا علاج ہی مگر جو دل چاہی علاج کرنی کو تو یہ مرہم لگاوی **نسخہ**
سیندور زرد چوب ادہ پاؤ لاکہہ خام ادہ پاؤ پہلی سیر بہر تیل کالی
تلکا ہی کی برتن مین گرم کری اور نیم کو ڈالی جبکہ نیم جل کر سیاہ
ہو جاوی تو اوسکو دور کری ان دونو دوائیونکو چوکوب کری ڈالی جبکہ وہ
بہی سیاہ ہونی لگی تب تیل کو چہان کر رکہی اور لگاوی جو کچہہ فایدہ نہ ہو
تو وہی کری جو بیان کیا ہی آگی جیسی صلاح است
گرندی راے ناقص مین یہ ہی کہ کسی حیلہ سی علاج موقوف کر دی
اور بہت سی پہوڑی ایکی جانب کو ہوتی ہین اور علاج کرنی سی اچہی ہو
جاتی ہین اور یہ پہوڑی کہ جو بیان کئی ہین سرکہ کی ہین اور علاج
کرنا انکا بہت مشکل ہی اگرچہ علاج کرنا پہوڑونکا آسان ہی لیکن علاج

خالص ایک تولہ میدہ گندم ایک تولہ انکو ملا کر رکہی اور لگائی اگر پہوٹ
نجائی تو نشتر دوی اگر نشتر دینی مین پلچپا نکلی تو برگ نیم اور مکو سبز اور برگ زبا
اور برگ حیت برگ بکاین ان سبکو جوش کرکی پہارا دوی اور یہی باندہی اور
ایک ہفتہ یہ عمل کری تا کہ خوب نرم ہوکر ہوا و نکلجائی بعدہ یہ مرہم لگا جیے
نسخہ پہلی روغن زرد آدہ پاو گرم کرکی اور دو تولہ موم سفید ملا لی بعدہ
رال سفید سات تولہ ملا دوی جبکہ ملجائی تو ایک پیالہ مین پانی سی دہو لی اور
عرق نبکا چار تولہ ملا کر زخم پر لگائی اور ایک لیپ یہ ہی کہ شروع مین
تحلیل کرتا ہی اور تیار کو پہوڑ دیتا ہی اور جو نیم خام پہوڑا ہو [illegible]
نسخہ حالون ایک تولہ تخم قلمی ایک تولہ تخم کتان ایک تولہ [illegible] کی
تولہ مصبر کنگری چہہ ماشہ سابون چہہ ماشہ گوگل بہنیسا چہہ ماشہ [illegible]
چہہ ماشہ سجی سنج چہہ ماشہ ان سبکو پیس کر چہانکر موافق پہوڑی کی
پانی مین گرم کرکی لگائی اور بنگلہ پان اوپر گرم کرکی باندہی اور اوس
لیپ کی فائدہ بہت ہین کسواسطی کہ اگر چوٹ لگی ہو تو بہی موقوف کرکی
عوض اوسکی نمک لاہوری ڈالی اگر چوٹ سی ہڈی ٹوٹ گی ہو تو آنبہ
ہلدی بڑہا دوی اور سب ادویہ بدستور رکہی خدا چاہی تو اچہا ہوجائیگا
نوع دیگر ایک پہوڑا فوطون کی نیچی ہوتا ہی اوسکو بگنبد ہر کہتی ہین
اوس مین بخار اور درد اور ورم ہوتا ہی اسکا یہی علاج ہو افق علاج

کرکی
پانی برکی کر دوا
بیان کی پہی کری لکہی
اور پہو نکلجا پہارا
دی بعد او سکی یہ
لیپ لگائی جیسین
پکی اور پہٹی ہی
جب کہ نرم ہوجائی
تو نشتر دوی پہیہ نکل
جائی بعد نشتر نکی نیم اور نمک باندہی
اور یہ مرہم لگائی نسخہ پہلی کی گہی پکا
سات تولہ ڈیکی گرم کری اور موم سفید
دو تولہ ڈالی سرمہ دو رجانی دو تولہ
شنجرف وزیرہ سفید سنگ احت فلفل سیا
کہیہ سفید زاج سفید فوقی کہیہ ایک ایک
تولہ توتیا سبز ایک ماشہ ان سبکو
پیسکر ملا دوی

باعث سی وہ پہوڑا خراب ہوتا ہی اور گرد اوسکی یہ لیپ لگائی نسخہ شترودی
خطائی زہر مہرہ خطائی ریوند خطائی تخم سور وکلنار فارسی گل سنج دم الاخوین
سبکو برابر لیکی عرق مکو سنر مین لگائی فصد اور قی لازم ہی اجتناب اشور با
گوشت کا اور روٹی وہی آگی اختیار ہی استاد ونکو ہی جیسا مناسب وقت ہو ویسا
کرین **نوع دیگر** ایک پہوڑا شانیکی جوڑ پر ہوتا ہی اگر پہوٹ جائی تو بہتر
ہی نہیں تو نشتر دی اور وہ مرہم لگائی جسمین زیرہ سفید ہی **نوع دیگر**
ایک پہوڑا کاندہی پر ہوتا ہی اور یہ مقام ناسور کا ہی اسکو بہی چیر
ڈالی یا تیزاب لگائی یا خود پہوٹ جائی اور مرہم وہ لگائی
رتو تیا ہی پس اگر زخم اچہا ہو جائی اور بتی کی جا رہجائی
یا تیزاب لگائی اور پہر وہی مرہم لگائی اگر چارون طرف سی
ہو تو خشک کرنی کو یہ مرہم ہی نسخہ نیلی شیشہ کی گولی کو کشتہ کری
اور چہہ ماشہ لی اور سفیدا کاشغری چہہ ماشہ سیندور چہہ ماشہ رال سفید
دو ماشہ کتہہ سفید دو ماشہ گہی گائیکا چہہ تولہ ان سبکو پیس کر گرم کری
ملائی اور [illegible] چہہ ماشہ ملا کی خوب حل کری اور لگائی **نوع دیگر**
ایک پہوڑا بازو پر ہوتا ہی کسی طرف ہو اوسکا بہی علاج ایسا کری جو
اوپر بیان کیا ہی شانہ کی پہوڑی مین اور کاندہی سی تا بہ کہنی سات
پہوڑی ہوتی ہین اور ایک پہوڑا کہنی پر ہوتا ہی وہ بہی پانی دیتا

اگر پہوڑا پھوٹنی کی راہ دیکھی گا تو اونگلیان قابو سی جاتی رہین گین اگر اونگلیان سسید ہی نہون تو بہیڑ کا کو بر پانی مین بکا کی بہپارا دی اور دودہ بہیڑ کی بہی مالش ہو یا شراب دو آتشہ کی اور کاندہی سی اونگلی تک چودہ پہوڑی معرکہ کی ہوتی ہین دو جانب کی اور بہت پہوڑی ایسی ہوتی ہین کہ جلد اچہی ہو جاتی ہین **نوع دیگر** ایک پہوڑا پشت مین ہوتا ہی کہ اوسکو اوٹہ کہتی ہین اور اوسکی گرد چار پہوڑی ہوتی ہین چار طرح پر اور وہ پہوڑا پشت کی بیچ مین ہوتا ہی اوس کی صورت یہ ہی کہ شکل سرطان کی ہی اور وہ عرض و طول مین بہت بڑا ہوتا ہی اگر اوس پہوڑی مین ایک سوراخ پک جانی کی بعد ہو جاتا ہی اور پانی نکلتا ہی یا پیپ پتلی و تیا اور چہچہڑا نہین نکلتا ہی لازم یہ ہی کہ اوسکو چار پارہ کر ڈالی چار انگل اور اوسکی آلایش کو مسالا ہبر گرم گہکری اور شہد سی پاک کری لیکن بائین جانب کو خیال رکہی کہ ورم نہ آجائی بر تقدیر اگر ورم ہو جائی تو داہنی ہاتہہ کی فصد باسلیق کہلوائی پندرہ تولہ خون لی اگر استقدر خون نہ نکلی تو بائین ہاتہہ کی فصد چار دن کی بعد لی اور یہ مرہم لگائی **نسخہ** چوک چونا سجی توتیا سبز صابون ... سہاگہ چوکیا دودہ مردار سنگ ہر ایک ایک تولہ گہی گائی کا بارہ تولہ لیکی گرم کری پہلی صابون ملائی اور باقی دوایان پیس کر جدا جدا ...

جاتا ہی یا غدود میں سی نکلنی لگتی ہی اور ینی ایسا پہورا اچھا ہوتی دیکہا ہی اگر اچھا ہوا تو بہت محنت کرنی ہوتی ہی اگی احتیاط رالدکھاہی نوعدیکر ایک پہوڑا کوکہہ پر ہوتا ہی اوسکا علاج اسطرح کری جیسی اوپر بیان کیا ابہی نوعدیکر ایک پہوڑا ٹونڈہی پر ہوتا ہی پہلی پہارا اون پہنونکاوی جو اور نوطون کی پہوڑی میں بیان کی ہین یا ان چیرون کاوی اور استعمال کری برگ نیم برگ دہتورہ پیاز سفید نمک شورہ ان سبکو پیس گرگرم کری لگائی اگر یہ پہوڑا خاطر خواہ پک جائی تو چیر ڈالی اگر خود بخود پہوٹ جائی تو بہی نشتر دی کیون کہ مواد اسکا براز کی مقام سی آنی لگتا ہی اسواسطی چار پارہ کرنا چاہی اور مرہم یہ لگائی نسخہ تیل روغن کنجد سیاہ آدہ سیر لیکی گرم کری موم سفید دو تولہ ملائی بعد اوسکی مرداسنگ چہہ تولہ کتہہ سفید ایک تولہ نکالی اور چہہ ماشہ توتیا سبز پھٹکری بریان ارنڈ کی پتی کا عرق چار تولہ ملا دی اور یہ دوایان پیس کر ملائی جبکہ قوام ہوجائی تو سرد کرکی لگائی اگر پیپ ساتہہ غلاظت کی نکلی تو یہ دوا پی نیکی کری نسخہ برگ شہترہ چہہ ماشہ تخم شہترہ چہہ ماشہ صندل سفید چہہ ماشہ صندل سرخ چہہ ماشہ گل منڈی چہہ ماشہ گاؤزبان چہہ ماشہ اصل السوس مقشر چہہ ماشہ گل خطمی چہہ ماشہ گل بنفشہ چہہ ماشہ ان سبکو

ایک غدود سفید سا ہوتا ہی اوسکو نکال ڈالی جبکہ زخم کہرا ہو جاے تو وہ
مرہم لگائی جسمین زنن جوت ہی اگر نہ اچھا ہو تو یہ مرہم لگائی نسخہ کندر ایک
تولہ سیماب چہہ ماشہ روغن کنجد سیاہ دو تولہ ان سبکو کڑوا پانی مین
حل کری جبکہ مثل مرہم کی ہو تو لگائی خدا تعالی چاہی تو اچھا ہو جاوی
اور بر تقدیر نہ اچھا ہو تو علاج موقوف کرو **نوع دیگر** ایک پہوڑا
پنڈلی پر ہوتا ہی اوس کی صورت یہ ہی کہ پہلی نرم ہوتا ہی اگر لیپ
محلل تجویز کر کی لگائی تو تحلیل ہو جائی اور فصد باسلیق کہولی اور
یہ لیپ لگائی **نسخہ** اطلاس دو تولہ گل بابونہ گل خطمی مکوہ خشک ناخونا
گل ارمنی ایک ایک تولہ تخم [illegible] چہہ ماشہ افیون دو ماشہ سورنجان تلخ
چہہ ماشہ جدوار چار ماشہ ان سبکو پانی مین پیس کر گرم کر کی لگائی
اور پٹی اوپر باندہی اگر وہ سرخ ہو جائی تو وہ مرہم لگائی
جسمین نان پاو کا مغز ہی اگر پہوڑا پہوٹ جائی تو خیال کری
کہ زخم نیچی سختی ہی یا نرمی اگر نرم ہو تو نشتر دی اگر سخت ہو
تو نرم کر کی نشتر دی اور وہ مرہم لگائی جسمین آب باران ہی اور
دوسری صورت اس پہوڑی کی یہ ہی کہ پہلی ایک چہالہ سا ہوتا ہی
اور اوس زخم سی دوا نکلتی ہی اوپر کی مواد بہتا ہی [illegible] وہ چہالہ
پہوٹ جای اور مواد نہ نکلی یا دبا کسی نکلتا ہو تو نشتر دی اور

پہر ایک کچی پہوڑی پر لگاتی اور اوس پہوڑی کو ہرا کہتی ہین
اگر یہ پک جاتی تو اوس پہوڑی پر وہ مرہم لگاتی جسمین سابون
ہی یا یہ لگاتی نسخہ زنگار توتیا سوہاگہ چوکیا خام ابنہ ہلدی تین
تین ماشہ بہلی پیروزہ پانچ تولہ لیکی سابون چہہ ماشہ پارہ چہہ ماشہ
ملاتی اور پانی سی گہسی ہوئی اور لگاتی **نوعدیگر** ایک پہوڑا گتی پہ
ہوتا ہی اور وہ پہوڑا تہوڑی عرصہ مین اچہا ہو جاتی تو بہتری ہین
تو ہڈیان نکلا کرتی ہین اور دیکہا ہی کہ ایسا پہوڑا برسون مین اچہا
ہوتا ہی اور اوس پہوڑی کا وہ علاج کری جو ابہی بیان کیا ہی
نوعدیگر ایک پہوڑا تلوی مین ہوتا ہی اوسکا علاج بہی یہی
ہی جو بیان کیا ہی **نوعدیگر** ایک پہوڑا پشت پر ہوتا ہی اوسکا
علاج بہی موافق پہوڑی پنڈلی کی کہ اوسکا ذکر اول کیا ہی
وہ کری **نوعدیگر** ایک پہوڑا پیر کی اونگلیون پر ہوتا ہی اوسکا
خیال کری کہ آتشک کی سبب سی ہی اگر یہ سبب ہو تو وہ علاج
کری جو ہاتہہ کی اونگلی مین اوپر بیان کیا ہی اگر سبب آتشک کی ہو
تو یہ صورت ہی کہ اونگلیان سڑ کی گر پڑتی ہین اور علاج کری تو زخم
اچہا ہو جاتا ہی لیکن پاؤن بیکار ہو جاتا ہی اور پہوڑی تمام جسم
مین بہت ہوتی ہین اگر سب کا حال بیان کرون تو طول بہت سا

گرم کری بعدہ ان دونو دوائیو نکو اوسی جبکہ جل جائین تب
لوہی کی دستہ سی حل کری تاکہ مثل مرہم کی ہوتو اوپر اوسکی
لگائی نسخہ روغن تلخ پانچ تولہ فلفل سیاہ چہہ ماشہ سرخ
چہہ ماشہ خاسیر چہہ ماشہ برگ نیم چہہ ماشہ آملہ خشک چہہ ماشہ توتیا
چار ماشہ ان سبکو اوس تیل مین جلا کر لوہی کی دستہ سی
حل کری اور لگائی **باب دوسرا بیان اور علاج**
زخم مین پس جو کسی کی کہڑی تلوار سر پہ پڑی اور
ہڈی تک اوتر جائی اور ضرب سی کئی ٹکڑی ہوگی ہون تو
سب ٹکڑون کو موافق اصل کی ملائی اور جو جدا ہو تو نکال
ڈالی اور اوس سوراخ پر عرق گوسہ لگائی بعد اوسکی زخم کو
ٹانک دیوی اور سینکنی کی دوائین یہ ہین نسخہ آنبہ ہلدی سدہ
سرکہ کنجد سیاہ شکر سفید سدہ گندم روغن زرد انکا حلوا بنا کی
سینکی اور اسی کو باندہی اور اگر تلوار آڑی پڑی اور کانسہ جدا
ہوجائی تو دونو نکو ملا کی باندہی اور اسی سی سینکی اور باندہی
اور مرہم یہ لگائی نسخہ سفیدا کاشغری مردار سنگ خصص ہندی
رسکپور عقرقرحہ گجراتی ایک ایک تولہ شنجرف چار ماشہ ان سبکو
پیس کر چار تولہ گہی مین ملائی اور آب دریا سی دہو لی اور اوس

لگا دی کری اور فکر اوسکی درو مت رکھی اور جو وہ ٹکڑی ہو گی ہون
تو یہ دیکھی کہ کچھہ دم باقی ہی اگر دم ہو تو علاج کری اور جو دم
نکلتے سی آتا ہو اور ہوش درست ہون تو یہ خیال کری کہ فقط
اسکی جرات ہی اور کچھہ دم کی زندگی ہی اور کوئی ساعت ہوا کہا [illegible]
یا اسکی تقدیر مین اوسکو جنیو کا زخم کہتی ہین لیکن یہان پر یہی
جرات یہ چاہتی ہی کہ اگر دل اور گردہ اور کلیجہ بچ گیا ہو تو ٹانکی
بخوبی لگا کر علاج کری کچھہ ڈر نہین زندگی خدا تعالی کی اختیار
ہی اور جو ان اعضاؤن مین زخم آگیا ہو تو ہرگز علاج نکری
کہ پہلی خطا ہی اور جو ان اعضا مین فرق نہ آیا ہو تو علاج کری
اور ان مرہمون سی لگائی یا جو اوس زخم کی موافق ہو وہ لگائی
یا یہ تیل بنا کی لگائی نوعد یکر دارہلد زرد چوب منقشہ سقف خانہ
بریان فروش یعنی دیوان ودوار دو دو تولہ ان سبکو جدا جدا اونت
کرکی جوکوب کری اور آب دریا یا آب تالاب مین پہکو دیوی صبح
روغن کنجد سیاہ پاؤ بھر ملائی اور نرم آنچ مین پکائی جب کہ
پانی خشک ہو تو چھانکر رکھی اور پارچہ کتان کہنہ کو اوس مین تر
کرکی اوس زخم پر لگائی اگر پارچہ کتان میسر نہ اوی تو ولایتی
سوت تیل مین تر کرکی بھری ہوی لگائی اور خوب بندش کری

ماتہہ خارشت کی بہت ہوتی ہی اسکو وہ شخص کہجا ڈالتا ہی تو اس
سبب وہ زخم بڑا ہو جاتا ہی تو نادانی سی وہ شخص اوپر سنگجراحت
یا لتہہ لگاتا ہی جبکہ زخم پیسہ برابر ہو جاتا ہی تب لوگون سی
ظاہر کرتا ہی لوگ اسکو دواتہہ مین پینی کی دیتی ہین یا منہ لگیا
یا دست آئی اگر کوئی کہانی کو دو وہ بتاتا ہی او سمین ہی
دست اور منہ آتا ہی اگر وہ چند روز کی واسطی اچہا ہو گیا یا
نہ اچہا ہوا مگر لازم ہی کہ کسی جراح دانا کو بلا کر علاج کرواوی
اور جراح کو لازم ہی کہ اول دیکہی کہ زخم کتنا بڑا ہی مگر یہ زخم دوا
لگانی سی نہین اچہا ہوتا ہی اور علاج کی صورت یہ ہی کہ پہلی
یہ مسہل دی نسخہ مسہل مجرب السلاطین سو ہاگہ چوکیا خام
مویز منقی انکو برابر وزن لیکی پیسی اور ماشہ بہر کی گولی بنالی او ر
کہانی کی یہ ترکیب ہی کہ پہلی تین روز یہ دوا پلانی نسخہ
گلسرخ تین ماشہ مویز منقی سات دانہ بادیان چہہ ماشہ نمک
چہہ ماشہ سنا مکی دو ماشہ ان سبکو پاو بہر پانیمین بہگو کر ایک
جوش دی اور گلقند ایک تولہ پیسکر ملائی اور پلاوی او تین دن
اچہی طرح کہلاوی بعدہ وہ گولیان دو دو ٹکڑی کر کی کہلاوی
اور اسکی اوپر گرم پانی پلاوی وقت تشنگی کی بہی گرم پانی پلاوے

تین ماشہ ان سبکو باریک پیسکر ملاوی اور انکا گر دیکھی کہ مسہل دینی سی کیا ...
ہی اگر کچھہ کم ہوئی ہو تو مرہم لگانا موقوف کری ورنہ گولیان کہ حال ...
بیان کیا ہی تقشیہ پہر لگا کر دیکھی کہ کیا طور ہی اگر صورت اچھی ہو تو دو یا تین گولیان
اور کھلاوی اگر کچھہ فائدہ نہو تو وہ بدل دی اسطور سی کہ مریض کو معلوم نہو اور یہہ دوا
دیوی نسخہ رسکپور نو ماشہ قرنفل کلدار اکیس عدد واجواین خراسانی ایک ماشہ انگور
باریک پیسکر ملاوی دودہ پرلی مین لٹ کری اور نو گولیان بناوی اور ایک ایک
گولی ہر روز کھلاوی اور ترشی اور بادی کا پرہیز کروای اور اکثر یہہ بہی ہوتا ہی کہ بعد
دو چار روز کی یہہ عارضہ ہونی والا تہا کہ ایکا یک استرا لینی مین زخم لگ گیا اور خیال
کیا کہ یہہ زخم استرا کا ہی اور سپر دوائیان لگائین بلکہ اچھا نہوا تب لوگونسی ظاہر کیا
اگر وہ لوگ نادان ہین تو وہ دوا یا کہی لگانی کو کہین گی اور جو دانا ہین وہ ہون ہین
کہا کہ جراح کو دکھلاو پس لازم کہ جو جراح علاج کری تو اسطور سی معالجہ کری کہ پہلی
زخم کو دیکھی کہ کنارہ اوسکی پہولی ہین اور اندر زخم کی دانہ پہولی ورجو ابکہا ہی اور مزاج
مریض کو دیکھی کہ کیا ہی اوسکی مزاج موافق دوا دی اگر مسہل لینی کی طاقت ہو تو دی
نہین تو یہہ دوا کھلاوی نسخہ توتیا دو نیم ماشہ ہلیلہ سیاہ یک و نیم تولہ کتہ سفید دو تولہ گلو
سفید ساتھہ ماشہ ان دواونکو دو سیر عرق لیمو مین حل کری جبکہ خشک ہو تب نخود کی
برابر گولیان بنا کر ایک گولی صبح ایک شام کو کھلاوی ترشی و بادی و شیرینی کا
پرہیز کروای باقی جو مزاج مین آوی کھلاوی اگر پانچ سات دن مین فائدہ ہو تو

سی ایک دوست آیا کہ انگلی اگر تب ہو تو کچھہ ڈر نہیں ہی کیونکہ یہہ مرض بغیر مواد نکلی اچھا
نہیں ہوتا ہی اسواسطی ایسی دوا اسکو ضرور ہی اکثر دیکھا ہی کہ اس عارضہ سی حال بدن
یہہ ہوتا ہی کہ سر سی پاؤن تک ایک زخم ہو جاتا ہی ایسا کہ روز مرہ ہم لگی اگر ایک دن
نہ لگی تو کھونڈ پر چھی اگر وہ شخص جہان بیٹھی اوسجگہ گیرا او پانی مایل بسفیدی و سبزی و
زردی بودار ہی ہاتھہ اور پاؤن او انگلیون مین زخم ہو جاتا ہی پس تمام بدن کی زخم
